	دل مادر لهو کے اشك جنة میں بهاتا هے
دهكتي ریت پر بیٹا سر اقدس کٹاتا هے	
	نہ گذري هے نہ گذرے گي ، مصیبت ایسي عالم میں
وه رب کو عرش پر بھي یہ غمِ کربل رلاتا هے	
	بهتّر جان لٹادي اور لٹادي چادرِ زینب
عجب هي حوصلة طف میں شه والا دکهاتا هے	
	بهي مشكي ، قلم دو هاته سقا کے هوئے رن میں
جو تها سرور کا بازو ، هائے وه بازو لٹاتا هے	
	علي کو نزع میں آئے نظر وه پنجتن سارے
جوان لاشه ضعیفي میں شه کربل اٹهاتا هے	
	لهو اصغر کا اپنے رخ په ملتا هے پدر مضطر
لحد میں لاڈلے کو هائے رے بابا چهپاتا هے	
	نبي زادے کا سر نیزے په هے ، تن بے کفن رن میں
قیامة خیز یہ منظر دوعالم کو هِلاتا هے	
	پھلے پھولیگا دین مصطفی تا حشر نعمت میں
یہ سر دیکر نواسه دَین نانا کا چکاتا هے	
	خدایا رکھنا صحت سے محمد کو قیامت تك
عَلم لیکر حسیني یہ الم شه کا کراتا هے	
	ملے اصغر کو داعي کي شفاعة دونوں عالم میں
غم شبیر میں دن رات یہ آنسوں بهاتا هے	